فوری ریلیز کے لیے: 2023/7/4 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

***شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن مرکز میں سات ریاستوں نے قومی مرکز کے طور پر فنڈنگ اور نامزدگی کے لیے امریکی محکمۂ توانائی کو 3.62$ بلین مالیت کی تجویز پیش کرنے کا اعلان کیا ہے***

***شمال مشرق کے لیے ایک درجن سے زیادہ پروجیکٹس کی تجویز دی گئی ہے تاکہ جن شعبوں کو کاربن سے پاک کرنا مشکل ہو وہاں استعمال کرنے کی خاطر کلین ہائیڈروجن کے لیے پیداوار، کھپت، اور بنیادی ڈھانچے کو آگے بڑھایا جائے***

***ہر ریاست کے موسمیاتی اور صاف توانائی کے اہداف کی حمایت کی جاتی ہے جس میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنا اور معیشت کے تمام شعبوں میں صاف ستھری توانائی کی طرف منتقلی شامل ہے***

نیو یارک، نیو جرسی، مین، رہوڈ آئی لینڈ، کنیکٹیکٹ، ورمونٹ اور کامن ویلتھ آف میساچوسٹس کی ریاستوں نے آج اعلان کیا ہے کہ شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کے لیے امریکی محکمۂ توانائی میں گروپ کی تجویز جمع کروائی جائے گی تاکہ بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ کے حصے کے طور پر دستیاب فیڈرل ہائیڈروجن ہب فنڈنگ میں 8$ بلین میں سے 1.25$ بلین کے شیئر کا مقابلہ کیا جا سکے۔ وفاقی حصے کے ساتھ مل کر، اس تجویز میں 3.62$ بلین کی سرمایہ کاری کی نمائندگی کی گئی ہے اور اس میں سات شمال مشرقی ریاستوں کے اندر ایک درجن سے زائد پروجیکٹس شامل ہیں جن سے صاف ستھری الیکٹرولائٹک ہائیڈروجن کی پیداوار، کھپت، اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس میں ترقی لائی جائے گی، جن میں دیگر شعبوں سمیت، نقل و حمل اور بھاری صنعت جیسے شعبے شامل ہیں، جنہیں کاربن سے پاک کرنا مشکل ہوتا ہے۔ آج کے اعلان سے ہر ریاست کے موسمیاتی اور صاف ستھری توانائی کے اہداف کی معاونت ہو گی تاکہ گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم کیا جائے اور معیشت کے تمام شعبوں میں صاف توانائی کی طرف منتقلی پر کام کیا جائے۔

"موسمیاتی اقدام کے قائد اور شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن مرکز کے بانی شراکت دار کے طور پر، ریاست نیویارک کی جانب سے ایک مربوط اور پائیدار ہائیڈروجن صنعت کے قیام میں رہنمائی کی جا رہی ہے جس کی وجہ سے اس خطے میں روزگار اور اقتصادی ترقی آئے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم اپنے ریاستی شراکت داروں اور مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مل کر وفاقی فنڈنگ سے سرمایہ کاری کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تیار ہیں کہ اس پروگرام سے پورے خطے کو فائدہ پہنچے جبکہ ملک بھر میں ایک مربوط ہائیڈروجن ہب نیٹ ورک کا حصہ بن جائیں گے اور آب و ہوا کے اپنے بلند اہداف حاصل کریں۔"

**کنیکٹیکٹ کے گورنر Ned Lamont نے کہا،** "شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کے لیے، یہ ایک اہم دن ہے، اور ہم نے امریکی DOE سے جو پُرزور درخواست کی ہے اس سے میں بہت خوش ہوں۔ ہمارے ہائیڈروجن والے ماحولیاتی نظام میں عوامی نجی شراکت دار، کاروباری جدت آمیزی، اور موسمیاتی قیادت کے عالمی رہنما ہیں۔ ہمیں اس مقام تک پہنچانے کے لیے اجتماعی کوششوں پر میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اور میں DOE کی طرف سے ایک سازگار فیصلے اور اس کے نتیجے میں سامنے آنے والی اچھی تنخواہوں والی، مقامی ملازمتوں اور کمیونٹی کے دیگر بہت سے فوائد کا منتظر ہوں۔"

**مین کی گورنر Janet Mills نے کہا،** "میں، امریکی محکمہ توانائی میں شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کی درخواست کے بارے میں بہت خوش ہوں۔ میری انتظامیہ سرکاری اور نجی شراکت داروں کے ساتھ مل کر گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور اقتصادی ترقی پیدا کرنے کے لیے صاف ستھری ہائیڈروجن کی صلاحیت دریافت کرنے کے لیے پُرجوش ہے۔"

**میساچوسٹس کی گورنر Maura Healey نے کہا،** "اس تجویز کے ساتھ، ہمارے پاس ایک منفرد موقع موجود ہو گا تاکہ کلین ہائیڈروجن کے لیے ایک مارکیٹ کی تعمیر شروع کرنے کے لیے خاطر خواہ وفاقی مالی فنڈنگ سے استفادہ کیا جائے تاکہ ہمارے ایسے سیکٹرز کے مسائل حل کیے جائیں جن کو کاربن سے پاک کرنا سب سے زیادہ مشکل کام ہے۔ شمال مشرقی ہائیڈروجن ہب سے ہمارے پُرعزم موسمیاتی تقاضے پورے کرنے کے لیے مواقع پیدا ہوں گے، مساوات کو ترجیح دی جائے گی، اور اہم پیشرفت کرنا ممکن ہو گی۔ میں ریاستی رہنماؤں اور نجی شعبوں میں موجود شراکت داروں کے اس متاثر کن اتحاد کے ساتھ مل کر کام کرنے کی راہ دیکھ رہی ہوں تاکہ خطے میں اقتصادی ترقی اور صنعت آگے بڑھائی جا سکے۔"

**نیو جرسی کے گورنر Phil Murphy نے کہا،** "کایا پلٹ دینے والی یہ تجویز پیش کرنے کا یہ عمل نہ صرف نیو جرسی میں بلکہ ہمارے پورے خطے میں صاف ستھری توانائی کی معیشت کے دور کا آغاز کرنے کی طرف ایک اہم سنگ میل ہے۔ اسی طرح چونکہ یہ بھی اہم ہے کہ، یہ اقدام وفاقی اور ریاستی حکومتوں کے درمیان باہمی تعاون کی غمازی کرتا ہے جو آب و ہوا کی اختراعی کارروائی کی اہمیت پر اپنے یقین میں متحد ہیں۔ Biden انتظامیہ کے تاریخ ساز بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ کے ذریعے فنڈنگ حاصل کرتے ہوئے، نیو جرسی اور اس کے علاقائی شراکت دار صاف ستھری ہائیڈروجن کی پیداوار اور کھپت کے کام کو آگے بڑھائیں گے، خاص طور پر ان صنعتوں میں جو ہماری مقامی کمیونٹیز میں GHG کے اخراج اور آلودگی میں نمایاں طور پر اپنے حصے کا اضافہ کرتی ہیں۔"

**رہوڈ آئی لینڈ کے گورنر Dan McKee نے کہا،** "رہوڈ آئی لینڈ کے 2021 کے موسمیاتی ایکٹ میں 2050 تک گیسوں کے بالکل صفر اخراج والی معیشت حاصل کرنے کے لیے ایک پُرعزم ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس مستقبل کو حقیقت میں تبدیل کرنے کے لیے، رہوڈ آئی لینڈ کو صاف ستھری توانائی کے متنوع ذرائع پر انحصار کرنا چاہیئے، خاص طور پر ان صنعتوں میں، جنہیں کاربن سے پاک کرنا مشکل ہے۔ ہم اس مابین ریاستی کوشش میں قابل فخر شراکت دار ہیں تاکہ صاف ستھری ہائیڈروجن والا ایک بنیادی ڈھانچہ بنایا جائے جو کہ موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جنگ کی قیادت کرنے میں نیو انگلینڈ کی مدد کرے گا۔"

**ورمونٹ محکمۂ خدماتِ عامہ کی کمشنر June E. Tierney نے کہا،** "ورمونٹ کو اس اختراعی اور دوراندیش تجویز کا شراکت دار بننے پر فخر ہے۔ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے، ہائیڈروجن ٹیکنالوجی، کثیر جہتی نقطۂ نظر کا ایک حصہ ہے۔ صاف ستھری توانائی کے مستقبل کی جانب قدم بڑھاتے ہوئے ہم دیگر شمالی مشرقی ریاستوں کے ساتھ تعاون کرنے کے منتظر ہیں۔"

**سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Charles Schumer نے کہا،** "مغربی نیویارک سے راچسٹر سے البانی تک، اور شمالی ملک سے لانگ آئی لینڈ تک، صاف ہائیڈروجن توانائی کی پیداوار میں، نیویارک قوم کی قیادت کر سکتا ہے اور اس کے پاس ملک کے سب سے پہلے شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کی قیادت کرنے کے لیے تمام مناسب اجزاء موجود ہیں تاکہ امریکہ کے صاف ستھری توانائی کے مستقبل کو تقویت دی جائے۔ ہمارے دو طرفہ بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ میں کلین ہائیڈروجن انڈسٹری کو وسعت دینے اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو مزید کم کرنے کے لیے 9.5$ بلین شامل ہیں؛ نیویارک میں قائم شدہ شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈوجن ہب کا مطلب ہو گا کہ، مین سے نیو جرسی تک اور نیو یارک کے مرکز میں، ایسی کمیونٹیز میں اچھا معاوضہ دینے والی صاف ستھری توانائی کی ہزاروں نئی نوکریاں پیدا ہوں گی جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ نیو یارک کی پاور ہاؤس جیسی افرادی قوت، اعلیٰ درجے کے تحقیقاتی ادارے، اور قابل تجدید توانائی کے وسائل کی متنوع اقسام تک آسان رسائی ہو گی جو گرین ہائیڈروجن کی پیداوار کو تقویت دے سکتی ہیں، جبکہ یہ بات اسے منفرد طور پر موزوں بناتی ہے تاکہ صاف ہائیڈروجن کی پیداوار میں ایک عالمی رہنما بننے کی خاطر ہماری کوششوں کو تیز تر کیا جائے۔ صاف، سر سبز ہائیڈروجن میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے خلاف ہماری

لڑائی میں طاقت پہنچائے، اور آپ کو اس بات کا یقین دلایا جا سکتا ہے کہ میں اکثریتی رہنما کے طور پر اپنے تمام تر وسائل استعمال کروں گا، تاکہ توانائی کے محکمے کے لیے اس پروجیکٹ کو ترجیح دی جائے، اور اس بات کو یقینی بناؤں گا کہ نیویارک کی تمام کمیونٹیز کے لیے اس کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔"

**نمائندہ Brian Higgins نے کہا،** "ایک پائیدار مستقبل کی تخلیق کا مطلب ہے کہ ایسے وسائل میں سرمایہ کاری کی جائے تاکہ ہماری کمیونٹیز کو معدنی ایندھن سے دور ہونے میں مدد ملے۔ بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ میں شامل فیڈرل ہائیڈروجن ہب فنڈنگ، ایک طویل مدتی سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتی ہے جو روزگار کے مواقع پیدا کرے گی، اقتصادی ترقی کو تیز رفتار کرے گی، اور کاربن سے پاک کرنے میں سہولت پیدا کرے گی۔ ہم امریکی محکمۂ توانائی پر زور دیتے ہیں کہ اس قابل عمل تجویز کی حمایت کرتے ہوئے شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈوجن ہب میں موجود مغربی نیویارک اور تمام کمیونٹیز کی صلاحیت کو بروئے کار لایا جائے۔"

**نمائندہ Paul Tonko نے کہا،** "کلین ہائیڈروجن ہمارے صاف توانائی کے مستقبل کی ترقی میں، خاص طور پر ہیوی ڈیوٹی نقل و حمل جیسے شعبوں کو سر سبز بنانے میں ایک اہم کردار ادا کرے گی جن کو کاربن سے پاک کرنا مشکل کام ہے۔ میں نے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ کے تحت صاف ستھری توانائی کی فراہمی کو آگے بڑھانے کے لیے سخت محنت کی ہے اور اپنے خطے کو فنڈنگ کے اس اہم موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی ہے۔ اس درخواست کے بعد، میں منتظر ہوں کہ ہماری ریاست اور قوم کو بااختیار بنانے کے لیے وفاقی کارروائی میں پیش رفت کی جائے گی تاکہ صاف ستھری توانائی کی جانب منتقلی میں قائدین کا مقام نبھایا جائے۔"

**نمائندہ Hakeem Jeffries نے کہا،** "صدر Biden، ہاؤس ڈیموکریٹس اور گورنر Hochul کی قیادت میں، بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ سے نیویارک میں حقیقی اور انقلابی تبدیلی لائی جا رہی ہے۔ جیسا کہ ہم آب و ہوا کے بحران سے مسلسل نمٹ رہے ہیں، تو میں گورنر Hochul کے کام پر ان کی تعریف کرتا ہوں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ پوری قوم کے لیے نیویارک صاف ستھری توانائی کا ایک ہب بن سکتا ہے۔ میں وفاقی اور ریاستی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا منتظر ہوں تاکہ ہماری صاف ستھری توانائی کی معیشت میں سرمایہ کاری کی جائے جس کے نتیجے میں لاگتیں کم ہوں گی، اچھے معاوضے والی ملازمتیں پیدا ہوں گی اور ہر زپ کوڈ میں اقتصادی مواقع کو وسعت ملے گی۔"

**نمائندہ Joe Morelle نے کہا،** "نیویارک ایک طویل عرصے سے موسمیاتی بحران کے خلاف جنگ کی قیادت کر رہا ہے۔ ہائیڈروجن کے ایک علاقائی ہب کے طور پر اپنے کردار کو آگے بڑھانا نہ صرف موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو معکوس کرنے کا بلکہ اپنی صاف توانائی والی معیشت کو بڑھانے کے کام کا بھی ایک اہم حصہ ہے۔ مجھے ان کوششوں کی حمایت کرنے پر فخر ہے اور میں گورنر Hochul کی مسلسل حمایت اور قیادت کے لیے ان کا شکر گزار ہوں کیونکہ ہم مزید پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔"

**نمائندہ Ritche Torres نے کہا،** "آب و ہوا کے بحران سے نمٹنے کے لیے نیویارک کی حکمت عملی کی مدد سے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور تمام شعبوں میں صاف ستھری توانائی کی معیشت کی طرف منتقلی میں اس طریقے سے رہنمائی کی جا رہی ہے جس سے اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا ہوں اور پسماندہ کمیونٹیز کی مدد کی جا سکے۔ لیکن تعداد سے طاقت بنتی ہے - اور اس بات کو نظر انداز کرنا مشکل ہے کہ ملک کا ایک پورا خطہ ایک مربوط، کثیر ریاستی کوشش میں باہم اکٹھا ہو چکا ہے تاکہ کلین ہائیڈروجن کے لیے ایک قومی ہب بننے کی خاطر اہم وفاقی سرمایہ کاری کے لیے کوشش کی جائے اور یہ حاصل کی جائے۔ میں اس کوشش میں شامل ہر فرد کا شکر گزار ہوں کہ امریکی محکمۂ توانائی کو ایک مسابقتی، دوراندیش تجویز پیش کرنے کی یہ کوشش کی گئی ہے - جو ایک ایسی تجویز ہے کہ اس کے نتیجے میں ہمارے خطے کے صاف توانائی کے اجتماعی اہداف ترقی کریں گے اور ان سیکٹرز میں ایک درجن سے زیادہ پروجیکٹس کی معاونت کی جائے گی جن سیکٹرز کو کاربن سے پاک کرنا مشکل کام ہے۔"

**نمائندہ Nick Langworthy نے کہا،** "توانائی کی مندرجہ بالا تمام حکمت عملیوں کے ایک حصے کے طور پر، مجھے خوشی ہو رہی ہے کہ ریاست کی کوششوں میں معاونت کرتے ہوئے، میں گورنر Hochul کے ساتھ شامل ہوں

تاکہ نیویارک میں بنیادی ڈھانچے کی یہ سرمایہ کاری حاصل کی جائے۔ نیویارک کے پاس ایک منفرد صلاحیت موجود ہے کہ ایک متنوع توانائی کے پورٹ فولیو کی معاونت کی جائے اور ایک ہائیڈروجن ہب کا اضافہ کیا جائے جس میں کئی مغربی نیویارک اور جنوبی سلسلے کی کمپنیاں شراکت داری کریں گی جو ہمارے خطے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گی۔"

**نمائندہ Brandon Williams نے کہا،** "توانائی سے متعلق ایوان کی ذیلی کمیٹی کے چیئرمین کے طور پر، میں منتظر ہوں کہ ہائیڈروجن کی تحقیق میں اور دیگر اہم کوششوں میں، DOE تحقیقاتی فنڈنگ کی ہدایت دی جائے تاکہ ہمارا توانائی کا مستقبل محفوظ ہو جائے۔"

امریکی محکمۂ توانائی کی جانب سے ملک کے علاقائی کلین ہائیڈروجن مراکز میں سے ایک مرکز کے لیے مختص کردہ تجاویز کے ساتھ، اس تجویز کا جائزہ لیا جائے گا۔ توقع ہے کہ موسم خزاں 2023 میں ایوارڈز کا اعلان کیا جائے گا۔

مارچ 2022 میں شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب ( Northeast Regional Clean Hydrogen Hub, NE Hub) کے آغاز کے بعد سے، چھ ریاستوں اور 100 سے زیادہ شراکت داروں نے ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی ( New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) میں شمولیت کے لیے مفاہمت کی ایک یادداشت (memorandum of understanding, MOU) پر دستخط کیے ہیں تاکہ جمع کروائی گئی تجویز کی ترقی میں تعاون کیا جائے۔ NE Hub پارٹنرشپ - جو کلین ہائیڈروجن کے ذریعہ پیش کردہ اقتصادی اور کاربن سے پاک کرنے کے مواقع کا مظاہرہ کرنے اور اس پر سرمایہ کاری کرنے کے لیے پُرعزم ہے - ابتدائی طور پر اس میں نیویارک، کنیکٹیکٹ، نیو جرسی، کامن ویلتھ آف میساچوسٹس، اور 40 شراکت دار شامل ہیں جو وسیع تر توانائی کی منتقلی کے ایک اہم جزو کے طور پر کلین ہائیڈروجن کی ترقی اور نافذ کروانے میں سرگرمِ عمل ہیں۔ اس شراکت داری کی توسیع اگست 2022 میں ہوئی تھی جس میں رہوڈ آئی لینڈ، مین کی ریاستیں اور 25 اضافی ہائیڈروجن ایکو سسٹم والے شراکت دار شامل ہیں۔ فروری 2023 میں، یہ شراکت داری بڑھ کر 100 سے زیادہ شراکت داروں تک پہنچ گئی تھی، جہاں ورمونٹ بھی اس میں شامل ہو گیا تھا۔

**NYSERDA کی صدر اور CEO، Doreen M. Harris نے کہا،** "نیویارک، ہمارے چھ ریاستی شراکت داروں، اور 100 سے زائد ہائیڈروجن ایکو سسٹم کے شراکت داروں کے درمیان ایک سال سے زیادہ کے تعاون شدہ کام کا نقطۂ عروج ہے کہ شمالی مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کی تجویز کو محکمۂ توانائی میں پیش کیا گیا ہے۔ ہمیں شراکت داروں کی یہ مضبوط اور متنوع ٹیم تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کرنے پر فخر ہے اور ہم ایک ہائیڈروجن ایکو سسٹم کی تعمیر کے لیے مل جل کر کام کرتے ہوئے پُرجوش ہیں جو ایک منصفانہ اور کلین توانائی کی منتقلی کے ایک حصے کے طور پر، اس نئے وسیلے کی پیداوار اور استعمال کی معاونت کرتا ہے اور کاربن سے پاک کرنے میں کٹھن سیکٹرز کے لیے اس کی ممکنہ تعیناتی میں معاونت کرتا ہے۔"

**نیویارک بجلی کی اتھارٹی کے صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا،** "IRA کی فنڈنگ سے نیویارک میں ہائیڈروجن کی پیداوار کی لاگت کو نمایاں طور پر کم کیا جائے گا، جس کے نتیجے میں شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کے لیے ممکن ہو گا کہ پورے خطے میں سرسبز ہائیڈروجن کی تعیناتی میں بہت زیادہ تیزی لائی جائے۔ نیویارک اپنی تیزی سے بڑھتی ہوئی صاف ستھری توانائی کی معیشت کو وسعت دے گا - جہاں کاربن کے مابعد اثرات میں کمی لاتے ہوئے اور مزید سر سبز ملازمتیں پیدا کر کے ملک کے باقی حصوں کے لیے ایک ماڈل کے طور پر کام کرے گا"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ہمیں شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کے لیے اس کثیر ریاستی تجویز کا حصہ بننے پر فخر ہے، جس سے نیویارک ریاست کے آب و ہوا کے پُرعزم اہداف کو تقویت ملے گی اور ہماری سرسبز معیشت مضبوط ہو گی۔ یہ تجویز شراکت داری اور پیش رفت کی نمائندگی کرتی ہے کیونکہ ہم ایک صاف توانائی کا ماحولیاتی نظام بنانے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں جو نیویارک کے لوگوں کے لیے ملازمتیں اور مواقع بھی پیدا کرے گا۔"

**Adam Zurofsky، شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کے عبوری ڈائریکٹر نے کہا،** "صاف ہائیڈروجن کی جانب سے مہیا کردہ مواقع دریافت کرنے اور سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھانے کے لیے، شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کا آغاز کیا گیا تھا تاکہ اہم ترجیحات جیسے کہ کاربن سے پاک ہونا، اقتصادی ترقی، اور ماحولیاتی انصاف میں پیش رفت کی جا سکے۔ آج کی تجویز ہمارے خطے کی صلاحیت کی عکاسی کرتی ہے کہ ہائیڈروجن والے ایک ماحولیاتی نظام کی تعمیر کے لیے تعاون کیا جائے جو ان مواقع کا ادراک کر سکتے ہوں اور ہماری سرحدوں سے باہر صاف ہائیڈروجن کے فوائد کو بیان کر سکتے ہوں۔ ہم اس اہم وفاقی پروگرام میں شرکت کرنے کا موقع میسر آنے پر شکر گزار ہیں اور شمال مشرقی علاقائی کلین ہائیڈروجن ہب کے تصور کو حقیقت بنانے کے منتظر ہیں۔"

یہ مربوط، کثیر ریاستی حکمت عملی ایک ایسا ماحولیاتی نظام بنانے کے لیے تشکیل دی گئی ہے جس میں ہائیڈروجن پیدا کرنے والوں اور صارفین اور ان کے متعلقہ حفاظتی ماہرین، ٹیکنالوجی کے اصل سازوسامان کے صنعت کاران (original equipment manufacturers, OEMs)، اور تحقیقاتی اور ترقیاتی کمیونٹی، افرادی قوت کی تنظیموں اور مزدوروں کے نمائندوں کو مربوط کیا جاتا ہو، جس کا مجموعی مقصد یہ ہو کہ مندرجہ ذیل رہنما اصولوں کے مطابق کلین ہائیڈروجن پروجیکٹس کو تجویز میں شامل کرنے کے لیے آگے بڑھایا جائے:

- صاف الیکٹرولائٹک ہائیڈروجن - صاف بجلی اور پانی کا استعمال کرتے ہوئے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کے بغیر بنائی گئی ہائیڈروجن کی پیداوار کو ترجیح دینا؛
- برقی کاری کی کوششوں کی تکمیل کے طور پر، صاف ہائیڈروجن کا استعمال جس میں معیشت کے مشکل سے برق کاری پر منتقل ہونے والے شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے؛
- کمیونٹی کی شمولیت، سلامتی، آب و ہوا، ماحولیاتی انصاف، تنوع، مساوات، شمولیت اور رسائی پر کڑی توجہ؛
- صاف توانائی کی افرادی قوت کو بڑھانے کے منفرد موقع کا ادراک کرتے ہوئے، نہ صرف نئے، پسماندہ، اور نقل مکانی کرنے والے کارکنوں کی تعلیم اور تربیت پر توجہ مرکوز کی جائے، بلکہ ایک پائیدار صاف ہائیڈروجن والے ماحولیاتی نظام کے لیے درکار بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے موجودہ خصوصی مہارت یافتہ اور ہنر مند کارکنوں سے بھی فائدہ اٹھایا جائے جو کہ صاف توانائی کی جانب منتقلی کاحصہ ہے؛
- پیمانے پر شمال مشرق کے بھرپور اختراعی ماحولیاتی نظام سے - استفادہ کریں - اور ترقی کریں؛ اور
- اہم پالیسی اقدامات اور مراعات پر تعاون۔

ان رہنما اصولوں کے مطابق، NE ہب کے پروجیکٹس میں نقل و حمل میں استعمال کے لیے صاف الیکٹرولائٹک ہائیڈروجن کی پیداوار، بلند درجۂ حرارت والے صنعتی تھرمل، اور حرارت کے لیے اجتماعی یوٹیلیٹیز شامل ہیں جن میں سے ہر ایک ایسے شعبوں کے نمائندے ہیں جنہیں کاربن سے پاک کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اس تجویز میں شامل پروجیکٹس کو، ریاستوں میں مجموعی طور پر صاف ہائیڈروجن کی پیداوار اور استعمال کرنے کے لیے مربوط پروجیکٹس کا ایک علاقائی مرکز بنانے کے لیے جگہ دی جائے گی، اس تصور کو آگے بڑھایا جائے گا جو شمال مشرقی خطے میں ایک طویل مدتی پائیدار صاف ہائیڈروجن والی صنعت کو ممکن بنائے، اور دوسرے صاف ہائیڈروجن والے ہبز تک اسٹریٹجک روابط قائم کرے۔

اگر محکمۂ توانائی کی جانب سے ایوارڈ کے لیے منتخب کیا جاتا ہے، تو NE ہب کے اندر موجود پروجیکٹس سے 10-12 سالوں کے دوران ترقی کے چار مراحل کی ایک بھرپور سیریز مکمل کی جائے گی، جس کے بعد کے پروجیکٹس کی کارروائی کو آگے بڑھانے سے پہلے، ہر مرحلے کے لیے سنگ میل کی تکمیل کی ضرورت ہوتی ہے، جس میں تکنیکی ڈیٹا اور تجزیہ، کمیونٹی کی مصروفیت اور اثرات، انجینئرنگ، اجازت اور حفاظت، کاروبار کی ترقی اور انتظام، خریداری، اور تعمیرات اور آپریشنز شامل ہیں۔

اس تجویز میں شامل پروجیکٹس کو، ریاستوں میں مجموعی طور پر صاف ہائیڈروجن کی پیداوار اور استعمال کرنے کے لیے مربوط پروجیکٹس کا ایک علاقائی مرکز بنانے کے لیے جگہ دی جائے گی، اس تصور کو آگے بڑھایا جائے

گا جو شمال مشرقی خطے میں ایک طویل مدتی پائیدار صاف ہائیڈروجن والی صنعت کو ممکن بنائے، اور دوسرے صاف ہائیڈروجن والے ہبس تک اسٹریٹجک روابط قائم کرے۔

جبکہ امریکی محکمۂ توانائی کی جانب سے درخواست کے جائزے کا عمل مکمل کیا جاتا ہے، تاہم NE Hub تجویز میں شامل منصوبوں، مقامات اور تنظیموں کی مکمل فہرست کو سرِعام افشا نہیں کیا جائے گا۔

**ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ**

ریاست نیویارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو خاندان کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، صاف ستھری توانائی کی سرمایہ کاری کے منافع کا، کم از کم 35 فیصد حصہ، پسمانده کمیونٹیز کو دیا جائے۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی اقدامات کی رہنمائی میں، نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے پاک کرنا شامل ہے۔ اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 1.8$ بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 2011 سے تقسیم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 فیصد اضافے میں معاونت کر رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ نیویارک کی آب و ہوا کی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے، تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 کلین انرجی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسمانده کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ شراکت داریاں اپنی پیشرفت مسلسل جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ فضائی آلودگیوں کی مداخلتوں کو ہدف بنانے میں اور ماحولیاتی تبدیلی کا سامنا کرنے میں مدد کی جا سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں